بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

بروز منگل مورخہ 14 مئی 2024ء بوقت صبح 11:00 بجے منعقد ہونے والے بلوچستان صوبائی اسمبلی کے اجلاس کی

ترتیب کارروائی

1) **تلاوت قرآن پاک و ترجمہ**

2) **توجہ دلاؤ نوٹس**

جناب اصغر علی، رکن صوبائی اسمبلی

وزیر برائے محکمہ مال کی توجہ ایک مسئلہ کی جانب مبذول کروائیں گے۔ کہ بلوچستان میں حالیہ طوفانی بارشوں کے نتیجے میں صوبہ بھر بالخصوص ضلع پشین اور چمن میں سیلابی ریلوں اور ژالہ باری کی وجہ سے علاقے کے لوگوں کے شدید مالی اور جانی نقصانات ہوئے خاص کران کے باغات اور فصلات تقریباً تباہ ہوگئے ہیں۔ چونکہ علاقے کے لوگوں کا واحد زریعہ معاش زمینداری اور کاشتکاری پر منحصر تھا۔ اس تباہی سے وہ نان شبینہ کے محتاج ہوگئے ہیں۔ مزید براں غربت کے باعث علاقے کے لوگ کچے گھروں میں رہائش پذیر تھے۔ مذکورہ طوفانی بارشوں کے باعث ان کے گھر بھی مکمل منہدم ہوگئے ہیں اور اس وقت کھلے آسمان تلے ٹینٹوں میں رہائش پذیر ہیں۔

لہذا حکومت نے مذکورہ علاقوں کے عوام کی بحالی اور مالی امداد کی بابت اب تک جو اقدامات اٹھائے ہیں اس کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

3) **قرارداد**

قرارداد نمبر 6 منجانب:۔ میر شعیب نوشیروانی صوبائی وزیر، جناب محمد صادق سنجرانی، میر زابد علی ریکی جناب غلام دستگیر بادینی اراکین صوبائی اسمبلی۔ **(موخر شدہ)**

یہ کہ رخشان ڈویژن جو چاغی، واشک، خاران اور نوشکی اضلاع پر مشتمل ہے۔ جہاں میڈیکل کالج کی سہولت میسر نہ ہونے کی بنا علاقے کے غریب طلباء اور طالبات کو میڈیکل کی تعلیم کے حصول کے لئے کوئٹہ اور ملک کے دیگر صوبوں میں جانا پڑتا ہے، وسائل کی عدم دستیابی کی بنا انہیں سخت مشکلات درپیش ہیں۔

لہذا رخشان ڈویژن کے طلباء وطالبات کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ ایوان صوبائی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ " شہید سالار میڈیکل کالج بمقام خاران" کے نام سے میڈیکل کالج کے قیام کی بابت فوری طور پر ضروری اقدامات اٹھانے کو یقینی بنائے۔ تاکہ علاقے کے طلباء وطالبات میں پائی جانے والی بے چینی اور احساس محرومی کا خاتمہ ممکن ہو سکے۔

(جاری صفحہ۔۔2)

Scanned with CamScanner

4) **قومی مالیاتی کمیشن (NFC) ایوارڈ کے رپورٹ کا پیش کیا جانا۔**

i) وزیر خزانہ آئین کے آرٹیکل 160 کے شق (3 ب) کے شرائط کے مطابق تحت قومی مالیاتی کمیشن (NFC) ایوارڈ کے عمل درآمد سے متعلق پہلے ششماہی رپورٹ بابت (جولائی تا دسمبر 2021) ایوان میں پیش کریں گے۔

5) **آڈٹ رپورٹس کا پیش کیا جانا**

i) وزیر خزانہ آئین کے آرٹیکل 171 کے تحت اسپیشل آڈٹ رپورٹ بر اکاونٹس "پراجیکٹ ڈائریکٹر بحالی پسنی فش ہاربر" برائے مالی سال 12-2011 تا 19-2018 آڈٹ سال 21-2020 ایوان میں پیش کریں گے۔

ii) وزیر خزانہ آئین کے آرٹیکل 171 کے تحت اسپیشل آڈٹ رپورٹ بر اکاونٹس" کنسٹرکشن آف 100 ڈیلے ایکشن ڈیمز ان بلوچستان پیکیج II (26) ڈیمز کوئٹہ "برائے مالی سال 12-2011 تا 21-2020 آڈٹ سال 21-2020 ایوان میں پیش کریں گے۔

iii) وزیر خزانہ آئین کے آرٹیکل 171 کے تحت اسپیشل آڈٹ رپورٹ بر " کوئٹہ سٹی روڈ پراجیکٹ "حکومت بلوچستان برائے مالی سال 13-2012 تا 16-2015 آڈٹ سال 18-2017 ایوان میں پیش کریں گے۔

iv) وزیر خزانہ آئین کے آرٹیکل 171 کے تحت اسپیشل آڈٹ رپورٹ بر اکاونٹس "ڈائریکٹر جنرل زراعت (ریسرچ) حکومت بلوچستان " برائے مالی سال 17-2016 تا 21-2020 آڈٹ سال 21-2020 ایوان میں پیش کریں گے۔

کوئٹہ
مورخہ 13 مئی 2024ء

طاہر شاہ کاکڑ
سیکرٹری

Scanned with CamScanner